14



# آیئے لُغت دیکھیں

(پانچویں جماعت کا کمرہ۔ اُستاد جماعت میں داخل ہوتے ہیں۔ تمام طَلَبا کھڑے ہو جاتے ہیں۔)

طَلَبا : (ایک ساتھ) السّلامُ علیکم!

اُستاد : وَعلَیکُم السّلام! بیٹھ جائیے۔ آپ کو تو معلوم ہی ہوگا کہ میاں فیّاض کو چوتھی جماعت میں اردو مضمون میں سب سے زیادہ نمبر ملے ہیں اور سالانہ جلسے میں انھیں ایک کتاب انعام میں دی گئی ہے۔ میاں فیّاض! انعام مبارک ہو۔

طَلَبا : (مل کر) مبارک ہو، مبارک ہو!

فیّاض : شکریہ، شکریہ!

اُستاد : فیّاض! ذرا یہ بتائیے کہ آپ کو کون سی کتاب انعام میں ملی ہے؟



© NCERT not to be republished

فیّاض : جناب، مجھے نام تو یاد نہیں ہے۔ ابّا جان کہہ رہے تھے کہ اس میں الفاظ کے معنی دیئے ہوئے ہیں۔

اُستاد : آپ جانتے ہیں ایسی کتاب کو کیا کہتے ہیں؟

فیّاض : جی نہیں! جناب۔

اُستاد : اچھا! آپ میں سے کوئی بتا سکتا ہے کہ ایسی کتاب کو کیا کہتے ہیں؟

(سب بچے خاموش رہتے ہیں)

اُستاد : ایسی کتاب کو 'لُغت' کہتے ہیں۔

ناصر : جناب، ہماری اُردو کی کتاب میں بھی ہر سبق کے بعد الفاظ کے معنی دیئے گئے ہیں۔ کیا لُغت میں بھی اسی طرح ہوتا ہے؟

اُستاد : (مسکراتے ہوئے) بالکل اسی طرح تو نہیں ہوتا، کچھ فرق ہوتا ہے۔ ہماری کتاب میں ہر سبق میں آنے والے نئے الفاظ کے معنی لکھے جاتے ہیں، لیکن لُغت میں بہت سے الفاظ کے معنی ہوتے ہیں۔

ماجِد : لیکن جناب، لُغت میں ہزاروں لفظ ہوتے ہوں گے، پھر ہم کسی خاص لفظ کے معنی کس طرح ڈھونڈتے ہیں؟ کیا اس کے لیے پوری کتاب دیکھنی پڑتی ہے؟

اُستاد : یہ بہت اچھا سوال ہے۔ آج میں آپ کو یہی بتانے والا ہوں کہ لُغت میں الفاظ کے معنی کیسے تلاش کیے جاتے ہیں۔

(اُستاد بچوں کو لُغت دکھاتے ہیں۔ سبھی باری باری لغت دیکھتے ہیں۔)

اُستاد : کوئی بتا سکتا ہے کہ اس میں کیا خاص بات ہے؟

سلیم : جناب میں نے دیکھا ہے کہ الف سے شروع ہونے والے تمام الفاظ شروع میں دیئے ہوئے ہیں۔



© NCERT not to be republished
2019-20

اُستاد : بالکل صحیح! صرف اتنا ہی نہیں۔ اس میں تمام الفاظ حروفِ تہجّی کی ترتیب میں جمع کیے گئے ہیں۔

آصف : جناب اس کا مطلب یہ ہوا کہ 'الف' سے 'ی' تک تمام الفاظ جمع کیے گئے ہیں۔

اُستاد : درست ہے! آپ کو تمام حروف تہجّی ترتیب سے یاد ہونے چاہئیں۔ 'لام' کے بعد کون سا حرف آتا ہے؟ اسلم آپ بتائیے۔

اسلم : 'میم'

اُستاد : اور 'نون' کے بعد کیا آتا ہے؟ حسن! آپ بتائیے۔

حسن : (سوچ کر) 'واؤ'

اُستاد : بہت خوب! اگر ہمیں لفظ منزل کے معنی دیکھنے ہوں تو کیسے دیکھیں گے؟ فیّاض' آپ بتائیے۔

(اُستاد تختۂ سیاہ پر لفظ '' منزل'' لکھتے ہیں۔)

فیّاض : حرف میم کے نیچے دیکھیں گے۔

اُستاد : اچھا! ڈھونڈ کر بتائیے۔

(فیّاض کوشش کرتا ہے، لیکن یہ لفظ نہیں ملتا۔)

فیّاض : جناب اس میں میم سے شروع ہونے والے بہت سے لفظ ہیں۔ ڈھونڈنا مشکل ہے۔

اُستاد : لفظ 'منزل' میں 'میم' کے بعد کون سا حرف ہے؟

تمام بچے: (ایک ساتھ) 'نون'

اُستاد : لُغت میں 'میم' سے شروع ہونے والے الفاظ غور سے دیکھیے۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ ان میں پہلے وہ الفاظ اکٹھا کیے گئے ہیں جن میں 'میم' کے بعد 'الف' آتا ہے جیسے مات، مار، ماش وغیرہ۔ اس کے بعد وہ الفاظ ہیں جن کے بعد 'ب' آتا ہے جیسے 'مبارک، مبتلا، مبشّر وغیرہ۔ اس سے آپ کی سمجھ



2019-20

میں کون سی بات آتی ہے؟


راشد : جناب، اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہاں نہ صرف 'میم' سے شروع ہونے والے تمام الفاظ کو ایک ساتھ جمع کیا گیا ہے بلکہ ہر لفظ کے دوسرے حروف کا بھی خیال رکھا گیا ہے۔

اُستاد : بالکل صحیح ! یہ بھی حروفِ تہجّی کی ترتیب میں ہیں۔ اس لیے لفظ 'منزل' کے معنی ڈھونڈنے کے لیے آپ کس بات کا خیال رکھیں گے؟

راشد : ہم اسے میم، نون میں ڈھونڈیں گے۔

اُستاد : اچھا فیّاض، میم نون کے نیچے دیکھو۔

(فیّاض لفظ منزل ڈھونڈ نکالتا ہے)






not to be republished © NCERT

فیّاض : مل گیا جناب ! اس کے معنی ہیں اُترنے کی جگہ، رہنے کی جگہ، مسافر خانہ، سرائے۔ جناب ! اس میں تو بہت سے معنی دیئے ہوئے ہیں۔کون سے معنی صحیح ہیں؟

اُستاد : ہر معنی اپنی جگہ صحیح ہے۔ لفظ 'منزل' اس جملے میں دیکھیے ''قافلہ منزل پر ٹھہر گیا'' یہاں، منزل کے معنی ہوں گے، اُترنے کی جگہ۔ فرض کیجیے آپ نے کسی مکان پر 'سلطان منزل' لکھا ہوا دیکھا۔ یہاں منزل کے معنی ہوں گے 'رہنے کی جگہ' یعنی مکان۔ ہر لفظ کے معنی جملے میں اس کے استعمال کے مطابق ہوتے ہیں۔

اُستاد : اچھا! میں یہاں تختۂ سیاہ پر تین لفظ لکھتا ہوں۔ بتایئے ان میں کون سا لفظ لُغت میں پہلے آئے گا؟

(اُستاد لکھتے ہیں ابر، ابتر، ابن)

کریم : جناب، میں بتاتا ہوں۔

اُستاد : ہاں، بتایئے!

کریم : پہلے 'ابر' آئے گا۔

اُستاد : فیّاض! کیا یہ صحیح ہے؟

فیّاض : جی نہیں۔ پہلے 'ابتر' آئے گا۔

اُستاد : کیوں؟

فیّاض : اس لیے کہ ان تینوں لفظوں میں پہلے دو حروف وہی ہیں 'ا' اور 'ب' اس لیے تیسرا حرف دیکھنا ہوگا۔ 'ابر' میں 'ر' ہے۔ 'ابتر' میں 'ت' ہے۔ 'ابن' میں 'ن' ہے۔ حروفِ تہجی میں 'ت' پہلے آتا ہے، اس لیے 'ابتر' پہلے آئے گا۔ اس کے بعد 'ابر' اور آخر میں 'اِبن' آئے گا۔

اُستاد : شاباش! میرا خیال ہے کہ اب آپ یہ ساری باتیں سمجھ گئے ہوں گے۔ اس بارے میں آئندہ اور بھی معلومات دی جائیں گی۔



© NCERT not to be republished
2019-20

# مشق

## لفظ اور معنی:

| | | |
|---|---|---|
| طَلَبا | : | علم حاصل کرنے والے، طالِب کی جمع |
| حروفِ تہجّی | : | حروف ہجا مثلاً اب پ ت وغیرہ |
| تختۂ سیاہ | : | بلیک بورڈ (Black Board) |
| مات | : | ہار، شکست |
| مار | : | سانپ |
| ماش | : | اُرد کی دال |
| مبتلا | : | گھِرا ہوا، گرفتار |
| مبشّر | : | خوش خبری دینے والا |
| قافلہ | : | مسافروں کا گروہ، کارواں |
| اَبر | : | بادل |
| ابتر | : | بدحال |
| ابن | : | بیٹا |

## غور کیجیے:

- مطالعے کے دوران بعض ایسے نئے الفاظ سامنے آتے ہیں جن کے معنی ہمیں معلوم نہیں ہوتے۔ ایسی کتاب جس میں کسی زبان کے الفاظ اور ان کے معنی درج ہوں اسے لُغت کہتے ہیں۔ لُغت



© NCERT not to be republished
2019-20

سے ہم کسی نئے لفظ کے معنی معلوم کر سکتے ہیں۔ اس سبق میں بتایا گیا ہے کہ لُغت میں نئے الفاظ کیسے تلاش کیے جائیں تا کہ ہمیں ان کے معنی معلوم ہو سکیں۔

## سوچیے، بتائیے اور لکھیے:

1۔ اُستاد نے فیّاض کو کس بات کی مبارک باد دی؟

2۔ آپ کی درسی کتاب کے ہر سبق کے بعد جو الفاظ اور معنی دیے گئے ہیں ان میں اور لُغت میں کیا فرق ہے؟

3۔ حروفِ تہجّی کا ترتیب سے یاد ہونا کیوں ضروری ہے؟

4۔ 'سلطان منزل' میں لفظ 'منزل' کے کیا معنی ہیں؟

## اِن تصویروں کو غور سے دیکھیے:



بچّے لُغت دیکھ رہے ہیں۔



ڈاکیہ خط بانٹ رہا ہے۔



عورت کپڑے سی رہی ہے۔



اُستاد تختۂ سیاہ پر لکھ رہے ہیں۔

© NCERT not to be republished

ان تصویروں میں ’بچّے‘، ’ڈاکیہ‘، ’عورت‘ اور ’اُستاذ‘ کام کر رہے ہیں۔ یہ سب فاعل ہیں۔

**کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں۔**

- نیچے دی ہوئی تصویروں کو دیکھ کر ’فعل‘ اور ’فاعل‘ لکھیے:



فعل: ..........................................................................

فاعل: ..........................................................................



فعل: ..........................................................................

فاعل: ..........................................................................



فعل: ..........................................................................

فاعل: ..........................................................................



فعل: ..........................................................................

فاعل: ..........................................................................



فعل: ..........................................................................

فاعل: ..........................................................................

© NCERT not to be republished

نیچے لکھے ہوئے الفاظ لُغت میں جس ترتیب سے آتے ہیں اسی ترتیب میں لکھیے:


منزل سرائے

ابر لُغت

حرف مضمون

نیچے دیے ہوئے لفظوں کو ان کے صحیح خانوں میں لکھیے:

| مذکّر | مؤنّث |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |




نیچے دی ہوئی تصویروں پر دو دو جملے لکھیے:



© NCERT not to be republished



◆ ..................................................................

◆ ..................................................................




◆ ..................................................................

◆ ..................................................................

### نیچے دیے ہوئے لفظوں کے واحد لکھیے :

| جمع | طَلَبا | اسباق | الفاظ | سوالات | مضامین | لغات | منازل | معلومات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واحد | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |

### عملی کام :

◆ اخبار سے پانچ الفاظ چُنیے اور لُغت میں ان کے معنی تلاش کر کے لکھیے :

| لفظ | معنی | لفظ | معنی | لفظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| ............ | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |
| ............ | ............ | ............ | ............ | | |

© NCERT not to be republished